# قرعہ اندازی Lucky Draw

<"xml encoding="UTF-8?>

### قرعہ اندازی

۱- سوال: بعض مومنین ایک اسلامی مرکز کی طرف سے ایک قرعہ اندازی طے کرتے ہیں اور اسکے ٹکٹ فروخت کرتے ہیں جسکا انعام یہ ہے کہ جسکا نام نکلے گا اسے حج بیت اللہ یا زیارات مقدسہ کیلئے تمام اخراجات کے ساتھ بھیجا جائے گا ۔اب لوگ جو یہ ٹکٹ خریدتے ہیں اس احتمال پر کہ شاید انکا نام نکل آئے تو کیا یہ جائز ہے؟

جواب: اگر ٹکٹ خریدنے کا عنوان یہ ہو کے اس کی قیمت اس اسلامی مرکز کو دی جاتی ہے تاکہ وہ جسکا نام نکلے اسے حج پر بھیج دیں ،تو جائز ہے ۔اور اگر مال خود ٹکٹ کے بدل دیا جائے تو جائز نہیں ۔